بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



12 ربیع الاول صلی اللہ علیہ وسلم

ولادت یا وصال ﷺ

محقق و مرتب: محمد ذیشان قادری الحسنی حنفی بریلوی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

نام کتاب: بارہ ربیع الاول ولادت یا وصال۔

محقق و مرتب: محمد ذیشان قادری الحسنی حنفی بریلوی۔

زیرِ سایہ: پیر محمد توقیر اقبال قادری حسنی نقشبندی سرکار۔

خاکِ پا: سلسلہ عالیہ قادریہ حسنیہ۔

تاریخِ تحریر: ربیع الاول (1445ھ)، ستمبر (2023ء)۔

صفحات: 103

ای میل: see.zee480@gmail.com

مطالعہ آن لائن: /https://archive.org

خانقاہِ اولیاء قادریہ حسنیہ انٹرنیشنل لاہور پاکستان

تاریخ ولادت اور وصالِ مبارک مصطفیٰ ﷺ

امام ابو بکر بن ابی شیبہ روایت کرتے ہیں کہ : ترجمہ : عفان سے روایت ہے وہ سعید بن میناسے روایت فرماتے ہیں اور وہ حضرت جابر اور ابن عباس رضی اللہ عنہم سے راوی کہ یہ دونوں (حضرت جابر اور ابن عباس رضی اللہ عنہم) فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت عام الفیل میں پیر کے روز بارہ ربیع الاول کو ہوئی۔

(سیرۃ النبویہ لابن کثیر، ج اص 199) (البدایہ والنہایہ، ج 2 ص 260)

اس روایت کی سند بھی صحیح ہے تو ثابت ہوا کہ جلیل القدر دو صحابہ کرام سے باسند صحیح یہ ثابت ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی ولادت باسعادت بارہ ربیع الاول کو ہوئی۔ 9 ربیع الاول کے تاریخ ہونے کی رٹ لگانا باطل و مردود ہے۔ تمام عالم میں ولادت کی تاریخ 12 ہی ہے جس کا انکار کرنا ناممکن ہے۔ جس حدیث کو فقیر نے پیش کیا تمام اہلسنت کے نزدیک معتبر ہے۔ اس حدیث کے راویوں کی توثیق جلیل القدر آئمہ محدثین کرام سے آپ ملاحظہ کریں۔

(1)۔ اس کے پہلے راوی خود امام ابو بکر بن شیبہ ہیں جو امام بخاری و امام مسلم کے استاد ہیں۔ جو جلیل القدر آئمہ محدثین کی تصریحات کی رو سے ثقہ حافظ ہیں۔

(تہذیب التہذیب، جلد 6 ص 3-4)

متصل سند کے ساتھ امام بخاری نے ان سے 22 روایات صحیح بخاری میں، امام مسلم نے 1528 روایات صحیح مسلم میں، امام نسائی نے 6 روایات سنن نسائی میں، امام ابوداؤد نے 60 روایات سنن ابوداؤد میں، امام ابن ماجہ نے 1151 روایات سنن ابن ماجہ میں نقل کی ہیں۔

(2)۔ اس روایت کے دوسرے راوی عفان ہیں جو کہ بلند پایہ امام ثقہ صاحب ضبط اور اتقان تھے (خلاصۃ التہذیب، ص 268) امام عجلی نے کہا کہ وہ ثقہ اور صاحب سنت تھے۔ (تہذیب التہذیب، ج 7 ص 231) امام ابن معین نے ان کو اصحاب الحدیث بلند پایہ میں شمار کیا ہے۔

(تہذیب التہذیب، ج7ص233)امام ابن سعد نے کہا کہ وہ ثقہ ثبت حجت اور کثیر الحدیث تھے۔امام ابن خراش نے کہا کہ وہ ثقہ من خیار المسلمین تھے۔ابن قانع نے کہا کہ وہ ثقہ اور مامون تھے۔ابن حبان نے ان کو ثقات میں شمار کیا ہے۔(تہذیب التہذیب، ج7صفحہ234)امام ذہبی نے کہا کہ وہ مشائخ الاسلا میں سے تھے۔آئمۃ العلام میں سے تھے۔امام عجلی نے ثبت اور صاحب سنت کہا۔(میزان الاعتدال، ج3ص81)امام ابن معین نے ان کو پانچ بلند اصحاب الحدیث میں شمار کیا۔امام ابو حاتم نے ثقہ متقن متین کہا(میزان الاعتدال، ج3ص82، چشتی)

(3)۔تیسرے راوی سعید بن مینار ہیں۔امام ابن معین اور امام ابو حاتم نے ان کو ثقہ کہا۔ابن حبان نے ثقات میں شمار کیا۔امام نسائی نے الجرح والتعدیل میں ثقہ کہا۔

(تہذیب التہذیب، ج4ص91)

امام ابن کثیر رحمۃاللہ تعالی علیہ اس روایت کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ: جمہور علماء کے نزدیک یہی مشہور ہے۔(سیرۃالنبویہ، ج1ص199)

ترجمہ: حضرت سعید بن جبیر نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت عام الفیل میں پیر کے روز ربیع الاوّل کی بارہ تاریخ کو ہوئی۔

(تلخیص المستدرک، ج2ص603)

امام ابن جریر طبری لکھتے ہیں کہ: رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت پیر کے روز ربیع الاوّل کی بارہویں تاریخ کو عام الفیل میں ہوئی۔(تاریخ طبری، ج2ص125)

امام ابن ہشام نے محمد بن اسحاق کا قول نقل فرمایا کہ: رسول اللہ ﷺ کی ولادت پیر کے دن بارہویں ربیع الاوّل کو عام الفیل میں ہوئی۔(السیرۃالنبویہ، لابن ہشام، ج1ص181، چشتی)

محدث ابن جوزی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں کہ: امام ابن اسحاق نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت پیر کے دن بارہ ربیع الاوّل کو عام الفیل میں ہوئی۔(الوفاء، ج1ص90)۔

امام ابن اسحاق کا یہ قول ان کتب میں بھی موجود ہے، (سبل الھدیٰ والرشاد، ج1ص334)
(شیعب الایمان بیہقی، ج2ص458)(السیرۃ النبویہ مع الروض الانف، ج3ص93)
امام ابن جوزی نے اپنی دیگر کتب میں بھی سرکار اقدس ﷺ کی تاریخ ولادت بارہ ربیع الاوّل کو قرار دیا ہے۔(بیان المیلاد النبوی، ص31)(مولد العروس، ص14)

علامہ ابن خِلدون لکھتے ہیں کہ: رسول اللہ ﷺ کی ولادت عام الفیل کو بارہویں ربیع الاوّل کو ہوئی۔(تاریخ ابن خلدون، ج2ص710)
امام ابو الفتح محمد بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن یحییٰ بن سید الناس الشافعی الاندلسی لکھتے ہیں کہ:
ہمارے سردار اور ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت پیر کے دن بارہ ربیع الاوّل شریف کو عام الفیل میں ہوئی۔(عیون الاثر، ج1ص26)
امام ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں کہ: اور آپ ﷺ کی ولادت باسعادت پیر کی رات بارہ ربیع الاوّل کو ہوئی۔(النعمۃ الکبری علی العالم، ص20)
امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی قول ہے۔(مستدرک، ج2ص603)
امام المغازی محمد بن اسحاق سے روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت بارہ ربیع الاوّل کو ہوئی۔
امام برہان الدین حلبی علیہ الرحمۃ کا بھی یہی قول ہے۔(سیرت حلبیہ، ج1ص57)
حضرت سعید بن مسیّب سے روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت بہار نہار کے قریب یعنی وسط میں ربیع الاوّل کی بارہ تاریخ کو ہوئی۔
جلیل القدر محدث امام بیہقی لکھتے ہیں کہ: رسول اللہ ﷺ پیر کے دن عام الفیل میں ربیع الاوّل کی بارہ تاریخ کو پیدا ہوئے۔(دلائل النبوت بیہقی، ج اص74، چشتی)
جلیل القدر محدث امام ابن حبان لکھتے ہیں کہ: امام ابو حاتم نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کی ولادت

عام الفیل کے سال پیر کے دن بارہ ربیع الاوّل کو ہوئی۔(سیرۃ النبویہ واخیار الخلفاء، ص33)
محدث جلیل امام سخاوی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں کہ: رسول اللہ ﷺ عام فیل ربیع الاوّل پیر کے دن فجر کے وقت 12 کی رات میں پیدا ہوئے۔(التحفہ اللطیفہ، ج1ص7)
امام ابوالحسن علی بن محمد ماوردی (متوفی 450ھ) لکھتے ہیں کہ: ربیع الاوّل، عام الفیل کے پچاس روز بعد والد گرامی کے وصال کے بعد رسول اللہ ﷺ ماہ ربیع الاوّل کی بارہ تاریخ کو پیدا ہوئے۔
(اعلام النبوۃ، ج1ص379)
معروف سیرت نگار ملا معین واعظ کاشفی لکھتے ہیں: مشہور ہے کہ ربیع الاوّل کے مہینے میں آنحضرت ﷺ تشریف لائے اور اکثر کہتے ہیں کہ ربیع الاوّل کی بارہ تاریخ تھی۔
(معارج النبوت، ج1ص37، باب سوم، چشتی)
مولانا عبدالرحمٰن جامی (متوفی 898ھ) لکھتے ہیں کہ: ولادت رسول اکرم ﷺ بتاریخ 12 ربیع الاوّل بروز پیر واقعہ خیل سے پچپیں دن بعد ہوئی۔
(شواہد النبوت فارس، ص22)(اردو، ص56)
محدث جلیل سید جمال حسینی علیہ الرحمہ رقمطراز ہیں کہ: مشہور قول یہ ہے اور بعض نے اس پر اتفاق کیا ہے کہ آپ ﷺ ربیع الاوّل کے مہینہ میں پیدا ہوئے۔12 ربیع الاوّل مشہور تاریخ ہے
(رسالت مآب ترجمہ روضۃ الاحباب، از مفتی عزیز الرحمٰن ص9)
امام ذہبی لکھتے ہیں کہ: ابو معشر نجیح فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بارہ ربیع الاوّل کو پیدا ہوئے۔
(سیرت النبویہ للذہبی، ج1ص7)
محدث جلیل ملا علی قاری (متوفی 1014ھ) لکھتے ہیں کہ: مشہور یہی ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی ولادت پیر کے روز بارہ ربیع الاوّل کو ہوئی۔(المورد الروی، ص98)
شارح بخاری امام قسطلانی لکھتے ہیں کہ: مشہور یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ پیر بارہ ربیع الاوّل کو

پیدا ہوئے۔(مواہب اللدنیہ، ج1ص142)
امام ابن کثیر نے فرمایا کہ جمہور کے نزدیک بارہ ربیع الاوّل کو ولادت مشہور ہے۔ابن جوزی اور ابن الجزار نے مبالغہ سے اس اجماع نقل کیا ہے۔یہ وہ قول ہے جس پر (امت کا) عمل ہے۔
(زرقانی علی المواہب، ج1ص132)
امام حسین بن محمد دیار بکری (982ھ) لکھتے ہیں کہ: مشہور یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی ولادت بارہ ربیع الاوّل کو ہوئی اور یہ ابن اسحاق کا قول ہے۔(تاریخ الخمیس، ج1ص192)
حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں کہ: اور کہا گیا ہے کہ حضور کریم ﷺ کی تاریخ ولادت بارہ ربیع الاوّل ہے اور یہی مشہور قول ہے۔
(ماثبت بالسنۃ، ص149)(مدارج النبوت، ج2ص23، چشتی)
علامہ یوسف بن اسمٰعیل بنھانی لکھتے ہیں کہ: رسول اکرم ﷺ کی ولادت پیر کے دن بارہ ربیع الاوّل کو ہوئی۔(حجۃ اللہ علی العالمین، ص176)
ان کے علاوہ متعدد آئمہ نے باریخ ولادت بارہ ربیع الاوّل کی ہی صراحت کی ہے۔مزید چند حوالہ جات درج ذیل ہیں۔
(نسیم الریاض، ج3ص275)(صفۃ الصفوۃ، ج1ص52)(اعلام النبوۃ، ج1ص192)
(فقہ السیرۃ للغزالی، ص20)(تواریخ حبیب الٰہ، ص12)(وسیلۃ الاسلام، ج1ص44)
(مسائل الامام احمد، ج1ص14)(سرور المحزون، ص14، چشتی)
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ماہ ربیع الاول کی بارہویں تاریخ کو ہوئی اور اس پر ہمارے پاس کثرت سے دلائل موجود ہیں-تاریخ ولادت میں اختلاف بھی ہے لیکن جمہور کے نزدیک 12 ربیع الاول ہی درست ہے-ذیل میں کچھ کتابوں کے حوالہ جات پیش کیے جاتے ہیں

جن میں تاریخ ولادت (بارہ ربیع الاول) کو ہی قرار دیا گیا ہے ملاحظہ ہو: ↓

(سیرت ابن اسحاق بہ حوالہ الوفا، ص87) (سیرت ابن ہشام، ج1 ص107)

(تاریخ الامم والملوک المعروف بہ تاریخ طبری، ج2 ص125)

(اعلام النبوۃ، ص192) (المستدرک للحاکم، ج2 ص603)

(عیون الاثر، ج1 ص33) (تاریخ ابن خلدون، ج2 ص394)

(سیرت ابن خلدون، ص81) (المورد الروی للقاری، ص96)

(محمد رسول اللہ، ج1 ص102) (حجۃ اللہ علی العالمین، ج1 ص231)

(ماثبت بالسنۃ، ص31) (نور الابصار، ص13) (النعمۃ الکبری، ص20)

(تاریخ اسلامی، ص35) (معارج النبوۃ، ج1 ص37)

(مدارج النبوۃ، ج2، ص18) (سیرت حلبیہ، ج1، ص93)

(المواہب اللدنیۃ، ج1، ص132) (بلوغ الامانی، ج2، ص189)

(تاریخ الخمیس، ص196) (البدایہ والنھایہ، ج2، ص260)

(بیان المیلاد النبوی، ص50) (فتح الباری، ج8، ص130)

(فقیہہ السنۃ، ص60) (کتاب اللطائف، ص230)

(سرور القلوب، ص11) (فتاوی رضویہ، ج26، ص411)

(اسلامی زندگی، ص106) (فتاوی نعیمیہ، ص46)

(تبرکات صدر الافاضل، ص199) (رسائل کاظمی، ص2)

(سیرت رسول عربی، ص43) (ذکر الحسین، ص116)

(فتاوی مہریہ، ص110) (جنتی زیور، ص473) (دین مصطفی، ص84)

(محمد نور، ص56) (کتاب فارسی، ص80) (انوار شریعت، ص9)

(الخطیب، ص121) (تواریخ حبیب الہ، ص13) (جمال رسول، ص11)

(رسالہ میلاد نمبر، ص24) (پیش لفظ تصفیہ مابین سنی وشیعہ) (فیصلہ ہفت مسئلہ، ص4)

دیوبندیوں، وہابیوں اور شیعوں کی کتب سے ثبوت: ↓

(میلاد النبی از اشرف علی تھانوی، ص90) (سیرت خاتم الانبیا، ص19، 20)

(ہادی عالم، ص43) (ہفت روزہ، مارچ 1977، ص7، 18)

(قصص النبیین، ج5، ص27) (نفحۃ العرب، ص141)

(خاتون پاکستان رسول نمبر، ص36) (رحمت عالم، ص13)

(ماہنامہ محفل لاہور، مارچ 1981، ص65) (خاتون پاکستان رسول نمبر، ص839)

(الشمامۃ العنبریہ، ص8) (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ص21، 22)

(اکرام محمدی، ص270) (سیرۃ الرسول، محمد بن عبدالوہاب)

(سید الکونین، ص60) (حیاۃ القلوب، ج2ص112)

کتب عامہ اور تاریخ ولادت:

(سید الوری، ج1ص88) (سیرت احمد مجتبی، ج1ص5، 147، 149)

(تاریخ مکۃ المکرمہ، ج1ص211) (الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ص191)

(محمد سید لولاک، ص118) (ہمارے پیغمبر، ص219)

(ہمارے رسول پاک، ص43) (کتاب شان محمد، ص234)

(محمد رسول اللہ، ص30) (شواہد النبوۃ، ص52) (معلومات عامہ، ص61)

(نور کامل، ص36) (اسلامی تہذیب وتمدن، ص347)

(ماہنامہ ترجمان اویس، ص71) (ماہنامہ نور الحبیب، اکتوبر 1989، ص41)

(سیرت کوئز، ص18) (موضع القرآن، ص33) (کیلنڈر از علامہ اکرم رضوی)

(جان جاناں، ص117)   (علموا اولادکم محبت رسول اللہ، ص99)

(خاتم النبیین، ص118)   (حیات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ص26)

(ماہنامہ جام عرفان، اکتوبر 1984)   (ہفت روزہ الفقیہ، میلاد نمبر 1932، ص140)

(نورانی شمع ترجمہ قرآن مجید، ص13) (تاریخ اسلام از محمود الحسن، ص31)

(تاریخ ملت، ص34)   (رسالت مآب، ص9)   (خاتم المرسلین، ص78)

(تفسیر ضیاء القرآن، ج5، ص665) (حاشیہ الروض الانف، ج1، ص107)

(ضیاے حرم، عید میلاد النبی نمبر، ص184)   (سیرت سرور عالم، ص93)

(خطبات الاحمدیہ، ص12) (اسلام کی پہلی عید، ص33) (فضیلت کی راتیں، ص27)

(اشرف السیر، ص146)   (سیرت رسول اکرم، ص7) (جواز الاحتفال، ص12)

(ماہنامہ التزکیہ، جولائی 2002، ص11) (ہمارے حضور، 17) (الدرا لمنتظم، ص89)

(برکات میلاد شریف، ص3)   (زریں فرمودات، ص401)

(بھاگوات پران، باب 2، شلوک 18 بہ حوالہ جان جاناں) (انوار شریعت، ص9)

(قومی ڈائجسٹ، خصوصی نمبر 1989، ص50)   (الخطیب، ص121)

(نشر الطیب از تھانوی، ص22) (فقہ السیرۃ، ص60) (حیات رسول، ص92)

(محبوب کے حسن وجمال کا منظر، ص11) (عید میلاد النبی کی شرعی حیثیت، ص1)

↓ کتب نصاب، انگریزی کتب اور بارہویں تاریخ:

(خالد دینیات برائے جماعت سوم)   (دینیات برائے جماعت پنجم، ص55)

(الکتاب العربی برائے جماعت ہفتم، ص16)   (اردو کی ساتویں کتاب، ص17)

(اردو کی آٹھویں کتاب، ص3)   (اردو کی آٹھویں کتاب، ص18)

(اسلامیات نہم ودہم، ص88)   (مطالعہ پاکستان نہم ودہم، ص119)

(اسلامیات لازمی بی اے)　　(معیار اسلامیات لازمی بی اے)

(اردو، دائرہ معارف اسلامیہ، 12، 19)　(مقالہ سیرت محمد رسول اللہ ﷺ ص 12)

(انگلش کی آٹھویں، ص 1، پنجاب تیکسٹ بک بورڈ)　　(انگلش کی دسویں، ص 5)

(سیرت رسول اللہ، آکسفورڈ یونیورسٹی لندن، ص 69)　(دی لائف آف محمد، ص 23)

(محمد دی فائنل میسنجر، ص 50)　　(پروس پیکٹس، 2010، ص 162)

اہلحدیث کے مشہور مولوی عبد الستار اپنے پنجابی اشعار پر مشتمل کتاب میں لکھتے ہیں کہ: ↓

بارھویں ماہ ربیع الاوّل رات سوسوار نورانی

فضل کنوں تشریف لیایا پاک حبیب حقانی۔(کرام محمدی، صفحہ 270)

ابراہیم میر صادق سیالکوٹی اہلحدیث لکھتے ہیں کہ: بہار کے موسم 12 ربیع الاوّل (22 اپریل 971ء) سوموار کے روز نور کے تڑکے۔امت محمدیہ کے زہے نصیب کہ یہ آیہ رحمت اسے عطا ہوئی۔(سید الکونین، ص 59، 60)

دیوبندی مسلک کے مشہور عالم ابو القاسم محمد رفیق دلاوری لکھتے ہیں کہ: حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ دوشنبہ کے دن 12 ربیع الاوّل صبح صادق کے وقت مکہ معظمہ کے محلہ شعب بنو ہاشم میں اس مقام پر ظہور فرما ہوئے۔(سیرت کبریٰ، ج 1 ص 224)

دیوبند مسلک کے مفتی اعظم محمد شفیع آف کراچی لکھتے ہیں کہ: ماہ ربیع الاوّل کی بارھویں تاریخ روز شنبہ دنیا کی عمر میں ایک نرالا دن ہے کہ آج پیدائش عالم کا مقصد لیل و نہار کے انقلاب کی اصلی غرض آدم اور اولاد آدم کا فخر کشتی نوح کی حفاظت کا راز ابراہیم کی دعا اور موسیٰ و عیسیٰ کی پیشن گوئیوں کا مصداق یعنی ہمارے آقائے نامدار محمد رسول اللہ ﷺ رونق افروز عالم ہوتے ہیں۔(سیرت خاتم الانبیاء، ص 20، طبع دار الاشاعت، چشتی)

مزید لکھتے ہیں کہ: (آپ ﷺ کی ولادت کے متعلق) مشہور قول بارھویں تاریخ کا ہے۔یہاں

تک کہ ابن البزار نے اس پر اجماع نقل کر دیا اور اسی کو کامل ابن اثیر میں اختیار کیا ہے۔ اور محمود پاشا فلکی مصری نے جو نویں تاریخ بذریعہ حسابات اختیار کیا ہے۔ یہ جمہور کے خلاف بے سند قول ہے اور حسابات پر بوجہ اختلاف مطالع ایسا اعتماد نہیں ہو سکتا کہ جمہور کی مخالفت اس کی بناء پر کی جائے۔ (سیرت خاتم الانبیا، ص 20)

اشرف علی تھانوی دیوبندی بیان کرتے ہیں کہ: جمہور کے قول کے موافق 12 ربیع الاوّل تاریخ ولادت شریف ہے۔ (ارشاد العباد فی عید المیلاد، ص 5، چشتی)

قاری محمد طیب کے فرزند محمد اسلم قاسمی لکھتے ہیں کہ: 12 ربیع الاوّل پیر کے روز 20 تاریخ اپریل 571ء کو صبح کے وقت جناب آمنہ کے یہاں ولادت ہوئی۔ (سیرت پاک، ص 22)

دیوبند مسلک کے امام التفسیر احمد علی لاہوری لکھتے ہیں کہ: احمد مجتبیٰ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 12 ربیع الاوّل 20 اپریل 571ء پیر کے دن عرب دیس کے شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔

(ہفت روزہ خدام الدین، ص 7، 18 مارچ 1977ء)

جماعت اسلامی کے بانی جناب مودودی لکھتے ہیں کہ: ربیع الاوّل کی کون سی تاریخ تھی اس میں اختلاف ہے لیکن ابن ابی شیبہ نے حضرت عبداللہ بن عباس اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہم کا قول نقل کیا ہے کہ آپ 12 ربیع الاوّل کو پیدا ہوئے تھے۔ اس کی تصریح محمد بن اسحاق نے کی ہے اور جمہور اہل علم میں یہی تاریخ مشہور ہے۔ (سیرت سرور عالم، ص 93 ج 1)

سر سید احمد خان لکھتے ہیں کہ: جمہور مورخین کی رائے یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بارہویں ربیع الاوّل کو عام الفیل کے پہلے برس یعنی ابراہہ کی چڑھائی سے 55 روز بعد پیدا ہوئے۔

(سیرت محمدی، صفحہ 217)

نتیجہ کلام: ان تمام دلائل و براہین سے ثابت ہو گیا کہ ہمارے آقا نامدار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت 12 ربیع الاوّل ہے اور اہل اسلام کے تمام علماء کا اس پر اتفاق ہے۔

سرورِ کونین ﷺ کی تاریخِ ولادت ووصال کے متعلق اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کی تحقیق:

منکرین کے جھوٹ کا جواب: ولادتِ نبی ﷺ 8 ربیع الاول ہے اور وفاتِ نبی ﷺ 12 ربیع الاول ہے تحقیقِ اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی۔ (نطق الہلال، صفحہ 12۔13)

(فتاویٰ رضویہ، ج26، ص: 412۔415)

جواب: اس گروہ نے عوامِ اہلسنت کو یہ دھوکا دینا چاہا کہ "دیکھو تمہارے امام احمد رضا خاں علیہ الرحمۃ کی تو یہ تحقیق ہے کہ حضور پُر نور ﷺ کی ولادتِ مبارک 8 ربیع الاول ہے، تو تم 12 تاریخ کو جشنِ ولادت کیوں مناتے ہو جبکہ تمہارے امام کے نزدیک تو 12 ربیع الاول حضور ﷺ کے وصال کا دن ہے، یہ تو غم کا دن ہے اور تم جشن منا رہے ہو، تم نبی سے محبت کا نہیں عداوت کا ثبوت دے رہے ہو۔" وغیرہ وغیرہ اور حوالہ دے دیا نطق الہلال اور فتاوٰی رضویہ کا اور یہ ظاہر کرنے کی بھی کوشش کی کہ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کی یہ تحقیق (نطق الہلال) میں بھی ہے اور (فتاویٰ رضویہ) میں بھی ہے یعنی یہ دو الگ الگ حوالے ہیں۔

اب ہم قارئینِ کرام پر حقیقت واضح کرتے ہیں: اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ سے حضور پُر نور ﷺ کی ولادت ووصالِ مبارک سے متعلق چند تحریری سوالات کیے گئے۔ اُن کے جواب میں اعلیٰ حضرت نے ایک رسالہ تحریر فرمایا جس کا نام (نطق الہلال بارخ ولادالحبیب والوصال) (یعنی حبیب خدا ﷺ کی تاریخ ولادت ووصال پر شہادتِ ہلال) رکھا۔ یہ رسالہ فتاویٰ رضویہ شریف (جلد: 26، صفحات: 405 تا 428) میں بھی شامل کیا گیا ہے یعنی یہ دو الگ الگ حوالے نہیں بلکہ ایک ہی حوالہ ہے (یعنی نطق الہلال کا)۔

حضور پُر نور ﷺ کی ولادتِ مبارک (پیدائش) کا دن پیر اور مہینہ ربیع الاول ثابت کرنے کے بعد اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں تاریخ ولادت کے متعلق تحریر فرماتے ہیں: اس میں اقوال بہت مختلف ہیں، (2)(8)(10)(12)(17)(18)(22)، سات قول ہیں مگر اشہر واکثر وماخوذ

ومعتبر بارہویں ہے۔مکۂ معظمہ میں ہمیشہ اسی تاریخ کو مکانِ مولدِ اقدس کی زیارت کرتے ہیں کما فی المواھب والمدارج (جیسا کہ مواھب لدنیہ اور مدارج النبوّت میں ہے)اور خاص اس مکانِ جنت نشان میں اِسی تاریخ کو مجلس میلادِ مقدس ہوتی ہے۔

ترجمہ: مشہور یہ ہے کہ حضور ﷺ بارہ ربیع الاول بروز پیر پیدا ہوئے امام المغازی محمد بن اسحاق کا یہی قول ہے)۔شرح مواھب میں امام ابن کثیر سے ہے،(ترجمہ: جمہور کے نزدیک یہی مشہور ہے)۔اِسی میں ہے،(ترجمہ: یہی وہ ہے جس پر عمل ہے)۔شرح الھمزیہ میں ہے،(ترجمہ: یہی مشہور ہے اور اسی پر عمل ہے)۔(فتاوٰی رضویہ ج26ص411تا412)

محترم قارئینِ کرام: آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ حضور ﷺ کی تاریخ ولادت کے سلسلے میں اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے سات قول بیان فرمائے لیکن اِن میں سے اشہر یعنی زیادہ مشہور اکثر وماخوذ یعنی اکثریت کا اختیار کردہ اور معتبر قول جس کو لکھا ہے وہ بارہ ربیع الاول ہے اور صفحہ 414تک اِسی قول کو دلائل سے ثابت کیا ہے اِسی دوران صفحہ 412پر ایک قول 8تاریخ کا بھی آگیا اور زیجات حساب سے بھی اعلیٰ حضرت نے 8ربیع الاول کیا۔لیکن اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے اِس قول کو اپنایا نہیں بلکہ اس قول کو نقل کرنے کے بعد اعلیٰ حضرت نے جمہور کے قول یعنی 12ربیع الاول پر عمل کو ہی بہتر و مناسب لکھا ہے۔8تاریخ کو اعلیٰ حضرت کی تحقیق کہنا،دروغ گوئی اور بددیانتی کی ایک بڑی مثال ہے۔فتاوٰی رضویہ کے مندرجہ بالا اقتباس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کے دور میں (وہابیوں کی حکومت سے (یعنی 1926ء سے) پہلے خاص اُس مکان جہاں مکۂ معظمہ میں نبی ﷺ کی ولادت ہوئی تھی باقاعدہ طور پر 12ربیع الاول کو میلاد شریف کی مجلس ہوتی ہے۔حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی کتاب (فیوض الحرمین) میں حرمین شریفین (مکہ ومعظمہ ومدینہ منورہ) کی مجالس ومحافلِ میلاد شریف کا ذکر فرمایا جن میں انہوں نے خود شرکت کی اور اُن محافل میں جن انوار وبرکات کا

انہوں نے مشاہدہ کیا وہ بھی اس کتاب میں بیان فرمائے۔

نوٹ:

شاہ ولی اللہ محدث بریلوی وہ بزرگ ہیں جنہیں دیوبندی اور اہل حدیث بھی اپنا پیشوا جانتے ہیں۔

فتاوٰی رضویہ جلد 26 کے ہی صفحہ 428 پر اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: اور روزِ ولادت شریف اگر 8 بفرض غلط 9 یا کوئی اور تاریخ ہو جب بھی 12 کو عید میلاد کرنے سے کون سی ممانعت ہے۔ یہاں اعلیٰ حضرت (آٹھ) کے ساتھ (اگر) کا استعمال کر رہے ہیں اِس سے بھی معلوم ہوا کہ ولادت شریف کی 8 تاریخ کو اعلیٰ حضرت کی تحقیق کہنا بالکل غلط، جھوٹ اور بد دیانتی ہے۔ البتہ علمِ ہیات و زیجات کے حساب سے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے یہ تحقیق فرمائی ہے وہ کہ ولادت شریف 8 ربیع الاول کو ہوئی لیکن اِسے اختیار نہیں فرمایا۔ آپ کا مختار (اختیار کردہ) قول 12 ربیع الاول ہی کا ہے جیسا کہ مندرجہ بالا تحریر سے واضح طور پر ثابت ہے۔

تاریخِ وصال:

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاریخ وفات شریف کے بارے میں ایک استفتا کے جواب میں رقم طراز ہیں: قول مشہور و معتمد جمہور دوازدہم ربیع الاول شریف ہے۔ (فتاوٰی رضویہ، ج26، ص415)

اس گروہ نے اِس قول کو بھی اعلیٰ حضرت کی تحقیق کہہ دیا حالانکہ اعلیٰ حضرت یہ فرما رہے ہیں کہ یہ قول مشہور ہے اور جمہور یعنی اکثر علما نے اِسی قول پر اعتماد کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات اقدس 12 ربیع الاول ہے۔ لیکن اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کے نزدیک 13 ربیع الاول ہے اور جمہور کے قول 12 ربیع الاول کی 13 ربیع الاول کے ساتھ یوں تطبیق فرماتے ہیں: اور تحقیق یہ ہے کہ حقیقتاً بحسب رؤیتِ مکۂ معظمہ ربیع الاول شریف کی تیرھویں تھی۔ مدینۂ طیبہ میں رؤیت نہ ہوئی (یعنی چاند نظر نہیں آیا) لہٰذا اُن کے حساب سے بارھویں ٹھہری وہی رُواۃ (یعنی روایت کرنے

والوں) نے اپنے حساب کی بناء پر روایت کی اور مشہور و مقبول جمہور ہوئی یہ حاصل تحقیق امام بارزی وامام عمادالدین بن کثیر اور امام بدرالدین بن جماعہ وغیرھم محدثین و محققین ہے۔
(فتاوٰی رضویہ، ج26، ص417)

اعلیٰ حضرت نے اِس اقتباس میں امام بارزی، امام عمادالدین بن کثیر اور امام بدرالدین بن جماعہ وغیرھم ایسے بڑے محدثین و محققین کی تحقیق کا حاصل یہ بتایا کہ مکۂ معظمہ میں مدینۂ طیبہ سے ایک دن پہلے چاند نظر آگیا تھا لہٰذا مکۂ معظمہ میں چاند نظر آنے کے اعتبار سے 13 تاریخ تھی اور مدینۂ طیبہ میں چونکہ ایک دن بعد میں چاند نظر آیا اِس لحاظ سے راویوں نے اپنے حساب کی بناء پر 12 ربیع الاول کی روایت کردی اور اِس طرح سے وفات اقدس کی تاریخ 12 ربیع الاول مشہور ہوگئی اور جمہور نے اِن مشہور روایت پر اعتماد کر لیا لیکن حقیقت میں ربیع الاول شریف کی 13 تھی اور اِسی کے لیے اعلیٰ حضرت نے فرمایا (اور تحقیق یہ ہے)۔

وہ حضرات جو یہ پروپیگنڈا کر رہے ہیں کہ اعلیٰ حضرت کی تحقیق یہ ہے کہ وفات شریف کی تاریخ 12 ربیع الاول ہے اب ذرا اعلیٰ حضرت کی درج ذیل واقعی اور حقیقی تحقیق ملاحظہ فرمائیں کہ وفات شریف 12 ربیع الاول کو نہیں ہوئی۔

اعلیٰ حضرت تحریر فرماتے ہیں: تفصیل و مقام توضیح مرام یہ ہے کہ وفاتِ اقدس ماہِ ربیع الاول شریف روز دوشنبہ (پیر) میں واقع ہوئی اِس قدر ثابت و مستحکم و یقینی ہے جس میں اصلاً جائے نزاع نہیں۔ (فتاوٰی رضویہ ج26 ص418، چشتی)۔ یعنی وفات شریف ربیع الاول کے مہینے میں پیر کے دن ہوئی اِس میں کسی کو کوئی اختلاف نہیں (حتّٰی کے دیوبندی اور وہابی بھی اس سے متفق ہیں)۔

آگے چل کر اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: ادھر یہ بلا شبہ ثابت ہے کہ اِس ربیع الاول سے پہلے جو ذی الحجہ تھا اُس کی پہلی روز پنجشنبہ (جمعرات) تھی کہ حجۃ الوداع شریف بالاجماع روزِ جمعہ

ہے۔(فتاوٰی رضویہ ج26،ص418)

یعنی جس ربیع الاول شریف میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وصال ہوا اُس سے تین مہینے پہلے جو ذی الحجہ تھا اُس کی پہلی تاریخ جمعرات کے دن تھی کیونکہ حجۃالوداع شریف کے روز جمعہ (جمعہ کا دن) ہونے پر اجماع (یعنی سب کا اتفاق) ہے، یعنی 9ذی الحجہ کو جمعہ کا دن تھا لازمًا ذی الحجہ کی پہلی تاریخ جمعرات کو تھی۔

(اس حساب سے 29ذی الحجہ کو جمعرات ہوئی۔اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: "اور جب ذی الحجہ 10ھ ء کی 29روز پنجشنبہ (جمعرات) تھی تو ربیع الاول 11ھ ء کی 12 کسی طرح روزِ دو شنبہ (پیر) نہیں آتی) کہ اگر ذی الحجہ، محرم، صفر تینوں مہینے 30 کے لیے جائیں تو غرّہ ربیع الاول روز چار شنبہ (بدھ) ہوتا ہے اور پیر کی چھٹی اور تیرھویں، اور اگر تینوں 29 کے لیں تو غرّہ اور روزِ یکشنبہ (اتوار) پڑتا ہے اور پیر کی دوسری اور نویں، اور اگر اُن میں کوئی سا ایک ناقص اور باقی دو کامل لیجیے تو پہلی سہ شنبہ (منگل) کی ہوتی ہے اور پیر کی ساتویں اور چودھویں، اور اگر ایک کامل دو ناقص مانیے تو پہلی پیر کی ہوتی ہے پھر پیر کی آٹھویں اور پندرھویں، غرض بارہویں کسی حساب سے نہیں آتی، اور ان چار کے سوا پانچویں کوئی صورت نہیں، قولِ جمہور پر یہ اشکال پہلے امام سہیلی کے خیال میں آیا اور اسے لاحل سمجھ کر انھوں نے قول یکم اور امام ابن حجر عسقلانی نے دوم کی طرف عدول فرمایا۔"(فتاوٰی رضویہ ج26،ص418تا419)

خلاصہ یہ ہے کہ دو باتوں میں کسی کا اختلاف نہیں ہے پہلی بات یہ کہ وصال مبارک سے پہلے جو ذی الحجہ تھا اُس کی پہلی تاریخ جمعرات کے دن تھی کہ وقوف، عرفہ (9ذی الحجہ) بروز جمعہ ہونے پر سب متفق ہیں دوسری بات یہ کہ وفات اقدس ربیع الاول میں پیر کے دن ہوئی۔تو ذی الحجہ کی پہلی تاریخ جمعرات کو ذہن میں رکھتے ہوئے ہمیں یہ حساب لگانا ہوگا کہ آنے والے ربیع الاول شریف میں پیر کس کس تاریخ میں آیا۔تو اگر ذی الحجہ، محرم، صفر تینوں مہینے تیس کے لیے جائیں

تو ربیع الاول کی پہلی تاریخ بدھ کو ہو گی اور پیر کو 6، 13، 20اور 27 تاریخیں ہوں گی اگر تینوں مہینے 29 کے لیے جائیں تو یکم ربیع الاول اتوار کو ہو گی اور پیر کے دن 2، 9، 16، 23(اور 30 بھی ممکن ہے) تاریخیں ہوں گی اور اگر تینوں مہینوں میں سے کوئی سا ایک مہینہ 29 کا اور باقی دو مہینے 30 کے لیے جائیں تو ربیع الاول کی پہلی تاریخ منگل کی ہو گی اور پیر کو 7، 14، 21، 28اور اگر تینوں مہینوں میں سے کوئی سا بھی ایک 30 کا لیجیے اور باقی دو 29 کے سمجھیں تو یکم ربیع الاول پیر کو ہو گی اور اِس طرح پیر کے دن 1، 8، 15، 29 تاریخیں ہوں گی یعنی چاروں صورتوں میں پیر کے دن ممکنہ تاریخیں یہ ہوئیں:(1، 2، 6، 7، 8، 9، 13، 14، 15، 16، 20، 22، 23، 27، 28، 29اور 30)۔اِن چاروں صورتوں میں ربیع الاول کی 12 تاریخ پیر کے دن کسی حساب سے نہیں آتی اور ان چار کے سوا کوئی صورت ممکن نہیں۔اِن ممکنہ تاریخوں میں سے یکم ربیع الاول اور 2ربیع الاول کے اقوال بھی ملتے ہیں اور اعلیٰ حضرت اِن دونوں اقوال کو علم ہیات وزیجات کے حساب سے غلط ثابت کرنے کے بعد فرماتے ہیں،"وہ دونوں قول(یکم اور دوم ربیع الاول کے)قطعاً باطل ہیں اور حق وصواب وہی قولِ جمہور بمعنی مذکور ہے یعنی واقع میں تیرھویں اور بوجہ مسطور تعبیر میں بارہویں۔"(فتاوٰی رضویہ ج26ص426)

یعنی مدینہ طیبہ میں چاند نظر نہیں آیا تواُن کے حساب سے 12 ہوئی۔اور راویوں نے وہی مشہور کر دی لیکن چونکہ مکۂ معظمہ میں چاند نظر آگیا تھا واقع میں (یعنی حقیقت میں)13ربیع الاول۔اور حقیقتاً 12ربیع الاول کسی حساب سے نہیں آتی، جیسا کہ اوپر مذکور ہوا۔

یہ ہے اعلیٰ حضرت کی تحقیق۔علم ہیأت وزیج کے حساب بھی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کی تحقیق یہی ہے کہ وفات شریف 12 نہیں بلکہ 13 تاریخ کو ہے چنانچہ میلاد شریف پر ایک اعتراض کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں:اگر ہیأت وزیج کا حساب لیتا ہے تو تاریخِ وفات شریف بھی 12 نہیں بلکہ 13 ربیع الاول ہے۔(جیسا کہ ہم نے اپنے فتاوٰی میں اس کی تحقیق کر دی ہے)۔

(فتاوٰی رضویہ ج26ص428)

اور اگر 12 ربیع الاول ہی تاریخِ وفات شریف ہو تو بھی میلاد شریف منانے سے روکنے کی کوئی دلیل نہیں۔ شریعت میں تین دن سے زیادہ سوگ منانا جائز نہیں صرف بیوہ کو شوہر کے لیے 4 ماہ 10 دن سوگ کرنے کا حکم ہے۔ غم پر صبر کرنا اور نعمت کا چرچا کرنا ہی مومن کی شان ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش بھی جمعہ کے دن ہے اور وفات شریف بھی لیکن حدیث شریف میں جمعہ کے دن کو عید کا دن قرار دیا گیا ہے بلکہ مشکٰوۃ شریف باب الجمعۃ میں ابن ماجہ کے حوالے سے ایک حدیث روایت کی جس میں جمعہ کو عید الاضحی اور عید الفطر سے بھی عظیم دن فرمایا گیا۔ حالانکہ اسی دن ایک نبی کی وفات بھی ہے، تو معلوم ہوا کہ غم پر صبر کرنا چاہیے اور پیدائش کا اعتبار کرتے ہوئے اس دن عید (خوشی) منانا چاہیے۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: اگر مشہور کا اعتبار کرنا ہے تو ولادت شریف اور وفات شریف دونوں کی تاریخ 12 ہے ہمیں شریعت نے نعمتِ الٰہی کا چرچا کرنے اور غم پر صبر کرنے کا حکم دیا، لہٰذا اس تاریخ کو روزِ ماتمِ وفات (وفات کے ماتم کا دن) نہ کیا روزِ سُرورِ ولادتِ شریفہ (ولادت شریف کی خوشی کا دن) کیا۔

کمافی مجمع البحار الانوار (جیسا کہ مجمع البحار الانوار میں ہے)۔

(فتاوٰی رضویہ، ج26، ص428، چشتی)

قدیم زمانہ سے یہ بات مشہور و معروف ہے کہ آخری نبی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش پیر کے دن 12 ربیع الاول کو ہوئی۔ اور 12 ربیع الاوّل کو برصغیر میں حکومت کی طرف سے چھٹیاں بھی ہوتی ہیں؛ مگر افسوس کہ کچھ لوگ تاریخ ولادت کے بارے میں ایک مہم چلائے ہوئے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش 12 ربیع الاول کو نہیں ہوئی؛ بلکہ 8 یا 9 کو ہوئی، اور کچھ مصنّفین کے اقوال دلیل میں پیش کرتے ہیں؛ مگر سچ بات یہ ہے کہ جمہور علماء اہل سنت وجماعت کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاریخ پیدائش 12 ربیع الاول ہی ہے۔ سینکڑوں علماء

کے اقوال کتابوں میں موجود ہیں۔ لہٰذا صحیح تاریخ ولادت کے متعلق علماء امت کے اقوال کا نقل کرنا ہم ضروری سمجھتے ہیں۔

حضرت عبد اللہ ابن عباس اور حضرت جابر رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کی پیدائش 12 ربیع الاول کو ہوئی۔

مشہور مؤرخ امام محمد بن اسحاق علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کی پیدائش ربیع الاول کی بارہویں رات عام فیل (571 عیسوی) میں ہوئی۔

(السیرۃ النبویہ لابن ہشام، 284/1) (تاریخ الطبری، 156/2) (مستدرک حاکم، 4182) (شعب الایمان للبیہقی، 1324) (الکامل فی التاریخ لابن الاثیر، 216/1)

مشہور مؤرخ و محدث امام ابو حاتم ابن حبان (متوفی 354 ہجری) لکھتے ہیں:

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کی پیدائش ربیع الاول کی بارہویں رات عام فیل (571 عیسوی) میں ہوئی۔ (السیرۃ لابن حبان، 33/1)

امام ابو الحسن ماوردی شافعی (متوفی 450 ہجری) لکھتے ہیں:

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کی پیدائش اپنے والد کے انتقال کے بعد، اور واقعہ فیل کے 50 دن بعد پیر کے دن 12 ربیع الاول کو ہوئی۔ (أعلام النبوۃ، 240/1)

علامہ قسطلانی (متوفی 923 ہجری) لکھتے ہیں: ترجمہ: مشہور قول کے مطابق رسول اللہ ﷺ کی ولادت 12 ربیع الاول پیر کے دن ہوئی۔ اور یہی قول حضرت ابن اسحاق (تابعی) وغیرہ کا ہے۔ (المواہب اللدنیہ بالمنح المحمدیہ 85/1، چشتی)

شیخ محمد بن عمر بحرقی حضرمی شافعی (متوفی 930 ہجری) لکھتے ہیں:

ترجمہ: علماء سیرت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی پیدائش ربیع الاول کے مہینہ پیر کے دن ہوئی، اور جمہور علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ 12 ربیع الاول کی تاریخ تھی۔

(حدائق الأنوار و مطالع الأسرار، 105/1)

علامہ مناوی (متوفی 1031 ہجری) لکھتے ہیں:

ترجمہ: صحیح بات یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ بارہ ربیع الاول کی صبح شعب مکہ میں واقعہ فیل کے سال پیر کے دن پیدا ہوئے۔ (فیض القدیر، 573/3، چشتی)

علامہ ابو عبداللہ محمد زرقانی مالکی (متوفی 1122 ہجری) المواہب اللدنیہ کی شرح میں لکھتے ہیں۔

ترجمہ: مشہور قول کے مطابق رسول اللہ ﷺ کی ولادت 12 ربیع الاول پیر کے دن ہوئی۔ اور یہی قول مغازی اور سیرت کے امام حضرت محمد ابن اسحاق بن یسار (تابعی) اور دیگر اہل علم کا ہے، علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں جمہور کا یہی قول ہے، علامہ ابن جوزی اور ابن جزار نے اس پر اجماع نقل کیا ہے۔ (شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیہ بالمنح المحمدیہ 248/1)

فتاویٰ لجنہ دائمہ وہابی میں ہے: ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کی پیدائش ربیع الاول کی بارہویں رات عام فیل (۵۷۱ عیسوی) میں ہوئی۔ (فتاوی اللجنہ الدائمہ، فتوی رقم 2474)

9 ربیع الاول کے قول کی تردید میں مفتی محمد شفیع کی کتاب سیرت خاتم الانبیاء کے حاشیہ میں اس طرح لکھا ہے: مشہور قول بارہویں 12 تاریخ کا ہے؛ یہاں تک کہ ابن الجزار نے اس پر اجماع نقل کر دیا ہے، اور اسی کو کامل ابن اثیر میں اختیار کیا گیا ہے، اور محمود پاشا علی مصری نے جو نویں تاریخ کو بذریعہ حساب اختیار کیا ہے، یہ جمہور کے خلاف بے سند قول ہے اور حسابات پر بوجہِ اختلافِ مطالع ایسا اعتماد نہیں ہو سکتا ہے کہ جمہور کی مخالفت اس بناء پر کی جائے۔

(حاشیہ سیرت خاتم الانبیاء، ص 11)

محمود پاشاہ صاحب نے حساب سے 9 ربیع الاول، عام فیل کو پیر کا دن قرار دیا ہے، یہ صحیح نہیں معلوم ہوتا ہے، ہمارے حساب سے 12 ربیع الاول، عام فیل مطابق 23 اپریل 571 عیسوی کو پیر کا دن پڑتا ہے۔ جناب مودودی صاحب نے لکھا ہے کہ بعض اہلِ تحقیق نے اسے 23 اپریل

571 کے مطابق قرار دیا ہے۔(سیرت سرورِ عالم، ج2ص 94)

بعضوں نے البدایہ والنہایہ کے حوالہ سے 8ربیع الاول کو راجح لکھا ہے۔ شاید بدایہ میں پوری بحث پڑھنے کی ان کو فرصت نہیں ملی، اسی بدایہ میں (الجمہور لکھا ہوا ہے)۔اس میں صاف طور پر لکھا ہے کہ بارہ 12 ربیع الاول کا قول جمہور کا قول ہے۔ رہا روایت میں الثامن عشر کا لفظ، بارہ ربیع الاول کے مخالف لوگوں کی مہربانی یا کتابت کی غلطی معلوم ہوتی ہے؛اس لیے کہ مصنف 12 ربیع الاول کے قول کی دلیل میں یہ روایت نقل کر رہے ہیں،12 ربیع الاول کے قول میں 18 کی روایت نقل کرنا مصنف کے مدعا کے خلاف ہے، نیز مصنف نے اپنی دوسری کتاب السیرۃ النبویہ میں اسی روایت کو نقل کیا ہے۔

لہٰذا اہل علم حضرات سے گذارش ہے کہ کسی ایک کتاب کو دیکھ کر فیصلہ نہ کریں؛ بلکہ دوسری کتابوں سے بھی تحقیق کریں۔ آج کل حدیث کی کتابوں میں تحریف و تبدیل کا سلسلہ جاری ہے۔ شاملہ کے ایک نسخہ میں حدیث کے الفاظ دوسرے شاملہ کے الفاظ سے مختلف یا حذف ہیں۔ ہمارے خیال میں جس وقت آپ ﷺ مکہ میں پیدا ہوئے،اس وقت مکہ میں 12 ربیع الاول کی تاریخ تھی،اور دوسرے علاقوں میں دوسری تاریخ تھی، کیونکہ قمری تاریخ، مختلف ممالک میں مختلف ہوتی ہے۔ غرض جس دن آپ ﷺ پیدا ہوئے اس وقت مکہ میں 12 ربیع الاول کی تاریخ تھی۔ لہٰذا صحیح، مشہور اور راجح قول کے مطابق رسول اللہ ﷺ کی پیدائش 12 ربیع الاول ہی کو ہوئی۔

رہا 12 ربیع الاول کو تاریخِ وفات کہنا کسی طرح صحیح نہیں ہے؛اس لیے کہ صحیح بخاری میں روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات پیر کے دن ہوئی،اور صحیح بخاری ہی کی روایت میں منقول ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر عرفہ کا دن جمعہ کا دن تھا،اور ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ عرفہ کے 81 دن کے بعد آپ ﷺ کی وفات ہوئی۔ اس حساب سے 12 ربیع الاول کو پیر کا دن کسی

طرح نہیں پڑتا ہے، لہٰذا علامہ ابن حجر عسقلانی ہی کی رائے کو ماننا پڑے گا کہ آپ کی وفات دو (2) ربیع الاول بروز پیر کو ہوئی۔

علامہ سہیلی (متوفی 581ھ) نے روض الانف میں، علامہ تقی الدین ابن تیمیہ (متوفی 728ھ) نے منہاج السنہ میں، علامہ شبلی نعمانی سیرت النبی میں 1 ربیع الاول لکھا ہے۔ اور علامہ مغلطائی، علامہ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری میں، شیخ محمد بن عمر بحرقی حضرمی شافعی (متوفی 930ہجری) نے حدائق الانوار میں، محمد شفیع دیوبندی نے سیرت خاتم الانبیاء میں، میاں عابد احمد نے شانِ محمد ﷺ میں 2 ربیع الاول لکھا ہے، سیرت خاتم الانبیاء کے حاشیہ میں لکھا ہے۔ تاریخ وفات میں مشہور یہ ہے کہ 12 ربیع الاول کو واقع ہوئی اور یہی جمہور مورخین لکھتے چلے آئے ہیں؛ لیکن حساب سے کسی طرح بھی یہ تاریخ وفات نہیں ہو سکتی ہے؛ کیوں کہ یہ بھی متفق علیہ اور یقینی امر ہے کہ وفات دوشنبہ (پیر) کو ہوئی اور یہ بھی یقینی ہے کہ آپ کا حج 9 ذی الحجہ روز جمعہ کو ہوا ان دونوں باتوں کے ملانے سے 12 ربیع الاول روز دوشنبہ (پیر) میں نہیں پڑتی؛ اسی لیے حافظ ابن حجر نے شرح صحیح بخاری میں طویل بحث کے بعد اس کو صحیح قرار دیا ہے کہ تاریخ وفات دوسری ربیع الاوّل ہے، کتابت کی غلطی سے 2 کا 12 بن گیا۔ حافظ مغلطائی نے بھی دوسری تاریخ کو ترجیح دی ہے۔ 12 ربیع الاول 11 ہجری کو پیر کا دن کسی حساب سے نہیں پڑتا، اس لحاظ سے رسول اللہ ﷺ کا وصال یکم یا دوم ربیع الاول بروز پیر کو صحیح معلوم ہوتا ہے۔ اور یہ تاریخ 28 مئی 632 عیسوی ہوتی ہے۔ جس وقت آپ ﷺ کا وصال ہوا اس وقت مدینہ میں دوم ربیع الاول 11 ہجری مطابق 28 مئی 632 عیسوی پیر کا دن تھا اور دوسرے علاقوں میں یکم ربیع الاول 11 ہجری مطابق 28 مئی 632 عیسوی پیر کا دن ہو گا۔ اس حساب سے یکم اور دوم ربیع الاول کا اختلاف ختم ہو گا۔ غرض ہر جگہ پر پیر کا دن تھا اور 28 مئی 632 عیسوی کی تاریخ تھی، ہجری تاریخ مختلف ملک میں مختلف ہو سکتی ہے۔

تاریخ وصال 12 ربیع الاوّل ہر گز نہیں ہے:

(صحیح بخاری، ج1ص11)(ج2ص662)(صحیح مسلم ج،2ص420)۔

(جامع ترمذی ج2ص129)(حسن صحیح ہے) کہ حجتہ الوداع کے سال یومِ عرفہ (9ذولحجہ) جمعہ کا دن تھا۔

(صحیح بخاری ج1صفحہ 93,94) پر حدیث ہے کہ وصال مبارک پیر کے دن ہوا لہذا تحقیق یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ کی وفات یکم (1) یا دو(2) ربیع الاول کو ہوئی اور یہی صحیح ہے۔

12 ربیع الاول پیر کا دن یومِ وفات کسی طرح بھی نہیں بنتا۔ خواہ ذوالحجہ، محرم اور صفر تینوں مہینے 30,30 دن کے یا 29,29 دن کے یا دو مہینے 30,30 دن کے یا ایک 29 دن کا یا دو مہینے 29,29 دن کے اور ایک مہینہ 30 دن کا شمار کریں۔

دو(2) ربیع الاول بروز پیر یومِ وفات لکھنے والے علماء:

امام محمد بن سعد متوفی 230ھ: (الطبقات الکبری، جلد2 صفحہ 208,209)

امام ابو بکر احمد بیہقی 458ھ: (دلائل النبوہ، جلد7 صفحہ 235)

حافظ مغلطائی 762ھ: (الاشارہ الی سیرن المصطفی، صفحہ 351)

حافظ اسماعیل (ابن کثیر) 774ھ: (البدایہ والنہایہ، جلد4 صفحہ 228)

حافظ شہاب الدین (ابن حجر) 852ھ: (فتح الباری، جلد8 صفحہ 473)

علامہ محمد بن یوسف الصالحہ 942ھ: (سبل الھدی والرشاد، جلد12 صفحہ 305)

شیخ عبدالحق دہلوی 1052ھ: (اشعتہ اللمعات، جلد4 صفحہ 604)

علامہ بدرالدین عینی 855ھ: (عمدۃ القاری جز،18 صفحہ 60)

علامہ علی بن سلطان القاری 1014ھ: (المرقات، جلد 11 صفحہ 238)

علامہ عبدالرحمن سہیلی 581ھ: (الروض الانف مع السیرۃ النبویہ، جلد4 صفحہ 440)

یکم (1) ربیع الاول بروز پیر وفات لکھنے والے علماء:

امام ابو القاسم علی بن عساکر 571ھ: (مختصر تاریخ دمشق، جلد 2 صفحہ 387)

علامہ جلال الدین سیوطی 911ھ: (التوشیح، جلد 4 صفحہ 143)

علامہ علی حلبی 1044ھ: (انسان العیون، جلد 3 صفحہ 473)

علامہ شبلی نعمانی: (سیرت النبی، جلد 2 صفحہ 106,107)

(علامہ نور بخش توکلی 1367ھ: سیرت رسول عربی، صفحہ 226)

علامہ غلام رسول سعیدی ھ: (تبیان القرآن، جلد 7 صفحہ 576)

اشرف علی تھانوی 1364ھ: اور تاریخ کی تحقیق نہیں ہوئی اور بارہویں جو مشہور ہے وہ حساب درست نہیں ہوتا کیونکہ اس سال ذی الحجہ کی نویں کی تھی اور یومِ وفات دوشنبہ (پیر) ثابت ہے۔ پس جمعہ نویں ذی الحجہ ہو کر بارہ ربیع الاول دوشنبہ (پیر) کو کسی حساب سے نہیں ہو سکتی۔ (نشر الطیب، ص 241)

12 ربیع الاول وفات لکھنے والوں سے غلطی یہ ہوئی کہ ثانی (2) کو ثانی عشر (12) خیال کر لیا۔ پھر ایک نے دوسرے سے نقل کر کے لکھ دیا۔ (فتح الباری ج 8 ص 473-474)

اہلسنت و جماعت پر اب یہ اعتراض نہیں ہوتا کہ آپ ﷺ کی وفات کے دن خوشی کیوں مناتے ہو۔ جب یہ ثابت ہو گیا کہ نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت 12 ربیع الاول ہی کو مشہور اور عرب و عجم کے مسلمانوں میں معمول بہ ہے، تو اس دن خوشی کا اظہار کرنا اور میلاد کی محافل منعقد کرنا، نہ صرف جائز، بلکہ محبوب و مستحسن ہے، لہٰذا مؤمنین ہر سال آپ ﷺ کی تشریف آوری والی نعمت کا شکر بجالانے کے لیے موقع کی مناسبت سے خوشی کا اظہار کرتے رہتے ہیں۔

امام عبد الرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ پیر کے دن 12 ربیع الاول کو پیدا ہوئے۔

• قال ابن إسحق : ولد رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الاثنين عام الفيل ، لاثنتى عشرة ليلة مضت من شهر ربيع الأول .

• وقد روى عن الزهرى أنه قال : ولد بعد الفيل بعشر سنين ، ولا يصح .

[illegible]
من ربيع الأول ، يوم العشر من نيسان .

• وقال حسان بن ثابت : إني لغلام يفعة ، ابن سبع سنين [illegible]

فلما اجتمعوا قالوا : مالك ويلك ؟!

قال : قد طلع نجم أحمد ، الذى يولد به هذه الليلة .

قال : فأدركه اليهودى ، فلم يؤمن !

• عن حسان أيضاً قال : إنى لعلى فارع وهو أطم(١) ، فى السَّحَر ، إذ سمعت صوتاً لم أسمع قط صوتاً أنفذ منه .

فإذا يهودى على أطم من آطام المدينة معه شعلة من نار .

فاجتمع الناس إليه فقالوا : مالك ويلك !

فقال : هذا كوكب أحمد قد طلع ، هذا كوكب لا يطلع إلا بالنبوة ، ولم يبق من الأنبياء إلا أحمد .

الوفا بأحوال المصطفى

للإمام أبي الفرج عبد الرحمن بن الجوزي

٥١٠ - ٥٩٧ هـ

صححه ونسقه وعلق عليه

محمد زهري النجار

من علماء الأزهر الشريف

الجزء الأول

رحمت عالم ﷺ پیر کے دن 12 ربیع الاوّل کو پیدا ہوئے

(السیرۃ النبویہ بین الآثار المرویہ والآیات القرآنیہ صفحہ 149)

كلية الآداب
قسم اللغة العربية وآدابها

السيرة النبوية

بين الآثار المروية والآيات القرآنية

دراسة نصية مقارنة

للحصول على درجة الدكتوراه

مقدمة من الطالب

محمد مصطفى عبد السلام

تحت إشراف

الأستاذ الدكتور عفت الشرقاوي

١٤٣١هـ / ٢٠١٠م

المبحث الثاني

مولـــــده ﷺ

وقد ولد ﷺ عام الفيل حيث حاول أبرهة الحبشي أن يهدم الكعبة عندما بنى كنيسة باليمن ليحجها العرب بدلاً منها، وكان ذلك عام ٥٧٠م أو ٥٧١م[1]، وقد ولد ﷺ يوم الاثنين الثاني عشر من ربيع الأول، أو التاسع على رأي بعض الدراسات الحديثة[2]، وهذا أمر مجمع عليه[3] إذ حادثة الفيل مذكورة في القرآن الكريم بقوله تعالى: ﴿أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ ۝ أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ ۝ وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ ۝ تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ ۝ [illegible]

لا تكاد الروايات التاريخية تخرج عن الوصف القرآني إلا في تحديد جزئيات يسيرة [illegible] الصحابة [illegible] تلك الفترة [illegible]

[illegible] الفيل [illegible] يستطعمان الناس بمكة[4].

1- جواد علي: المفصل في تاريخ العرب قبل الإسلام (٤٤٣/٩).
2- الباحث محمود باشا الفلكي فيما ذكره الخضري في محاضرات في تاريخ الأمم الإسلامية (٦٢/١)، كتاب محمود باشا: "نتائج الأفهام في تقويم العرب قبل الإسلام" (٢٨-٣٥)، ط بيروت.
3- تاريخ خليفة وكل كتب السيرة تذكر مولده عند حادث الفيل؟!
4- ابن هشام "السيرة" (١/٧٥)، خليفة، "التاريخ" بسند حسن.

الشیخ ڈاکٹر سلیمان صاحب لکھتے ہیں: نبی کریم ﷺ پیر کے دن 12 ربیع الاوّل کو پیدا ہوئے۔ (السیرۃ النبویہ فی الصحیحین وعند ابن اسحاق)

مولد النبي ﷺ ونشأته:

لا يكاد المطّلع في الصحيحين يجد شيئا عن السنة التي ولد فيها النبي ﷺ والذي نجده تحديد اليوم الذي ولد فيه بيوم «الإثنين»:

ففي صحيح مسلم أن رسول الله ﷺ سئل عن صوم يوم الإثنين؟ فقال: «ذاك يوم ولدت فيه ...» الحديث[1]. ويوافقه في ذلك ابن إسحق ويزيد: لاثنتي عشرة ليلة خلت من شهر ربيع الأول، عام الفيل[2].

كما تتفق رواية الصحيح مع ابن إسحق في كون ولادته ﷺ بعد وفاة والده «عبد الله»، حيث كان حملا في بطن أمه حين توفي أبوه[3].

---


(١) ٨١٩/٢، ٨٢٠: كتاب الصيام، باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر، وصوم يوم عرفة وعاشوراء والإثنين والخميس.

(٢) انظر: السيرة لابن هشام ١٧١/١، وقد ذكره ابن إسحق دون إسناد.

(٣) مسلم ١٣٩٢/٣: كتاب الجهاد والسير، باب رد المهاجرين إلى الأنصار منائحهم من الشجر والثمر (السيرة لابن هشام ١٧١/١، ١٩٦) ومسألة موت أبي النبي ﷺ مما اختلف أصحاب السير في [illegible] وفاة والده، وأمه حامل [illegible] ابن كثير (السيرة النبوية لابن كثير ٢٠٦/١) وهو الذي يفهم من حديث ابن شهاب الزهري (المغازي ص: ٣٩).

أما ابن حزم فيرى أن موته قبل أن يكمل النبي ﷺ ثلاث سنين (جوامع السيرة ص ٥)، ونقل الذهبي [illegible] وله [illegible] ﷺ [illegible] وعشرون شهرا، وقيل: أقل من [illegible] وقيل وهو حمل (السيرة النبوية ص ٢٢) ثم روى عن القرطبي: كونه حملا على الصحيح.

أما السهيلي فيقول: ذكر أن أباه مات وهو حمل، وأكثر العلماء على أنه كان في المهد. (الروض الأنف ٢/١٦٠).



رحمت عالم ﷺ پیر کے دن 12 ربیع الاوّل کو پیدا ہوئے

(السیرۃ النبویہ بین الآثار المرویہ والآیات القرآنیہ صفحہ 149)

كلية الآداب
قسم اللغة العربية وآدابها

السيرة النبوية

بين الآثار المروية والآيات القرآنية

دراسة نصية مقارنة

للحصول على درجة الدكتوراه

مقدمة من الطالب

محمد مصطفى عبد السلام

تحت إشراف

الأستاذ الدكتور عفت الشرقاوي

١٤٣١هـ / ٢٠١٠م

المبحث الثاني

مولـــــده ﷺ

وقد ولد ﷺ عام الفيل حيث حاول أبرهة الحبشي أن يهدم الكعبة عندما بنى كنيسة باليمن ليحجها العرب بدلاً منها، وكان ذلك عام ٥٧٠م أو ٥٧١م[1]، وقد ولد ﷺ يوم الاثنين الثاني عشر من ربيع الأول، أو التاسع على رأي بعض الدراسات الحديثة[2]، وهذا أمر مجمع عليه[3] إذ حادثة الفيل مذكورة في القرآن الكريم بقوله تعالى: ﴿أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ ۝ أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ ۝ وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ ۝ تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ ۝

لا تكاد الروايات التاريخية تخرج عن الوصف القرآني إلا في تحديد جزئيات يسيرة

يستطعمان الناس بمكة[4].

١- جواد علي، المفصل في تاريخ العرب قبل الإسلام (٤٤٣/٩).

2- الباحث محمود باشا الفلكي فيما ذكره الخضري في محاضرات في تاريخ الأمم الإسلامية (٦٢/ ١)، كتاب محمود باشا: "نتائج الأفهام في تقويم العرب قبل الإسلام" (٢٨-٣٥)، ط بيروت.

3- تاريخ خليفة وكل كتب السيرة تذكر مولده عند حادث الفيل؟!

4- ابن هشام "السيرة" (٧٥/ ١)، خليفة، "التاريخ" بسند حسن.

امام ابن سیّد الناس رحمۃُ اللہ علیہ لکھتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم 12 ربیع الاوّل پیر کے دن پیدا ہوئے۔

عیون الاثر جلد 1 صفحہ 79

السيرة النبوية

عيون الأثر

في فنون المغازي والشمائل والسير

تأليف

الحافظ أبي الفتح محمد بن محمد بن محمد بن سيد الناس اليعمري

المتوفى سنة ٧٣٤ هـ



الجزء الأول

[illegible]

د. محمد العيد الخطراوي — محيي الدين مستو

مكتبة دار التراث — المدينة المنورة

دار ابن كثير — دمشق - بيروت

والذي رجّحه الواقدي — وقال : هو أثبت الأقاويل عندنا في موت عبد الله وسببه[1] — أنه كان خرج إلى غزة في عير من عيرات قريش يحملون تجارات ، ففرغوا من تجاراتهم وانصرفوا فمروا بالمدينة وعبدُ الله بن عبد المطلب يومئذ مريض ، فقال : أنا أتخلف عند أخوالي بني عدي بن النجار ، فأقام عندهم مريضاً شهراً ، ومضى أصحابه فقدموا مكة فسألهم عبدُ المطلب عن عبد الله ، فقالوا : خلّفناه عند أخواله بني عدي بن النجار وهو مريض ، فبعث إليه عبد المطلب أكبرَ ولده الحارث فوجده قد توفي ودُفن في دار النابغة[2] . قيل : كان بينه وبين ابنه عليه الصلاة والسلام ثمانية وعشرون عاماً . وقد تقدم في تزوج عبد الله آمنة ما حُكي عن السلف في ذلك .

ذكر مولد رسول الله ﷺ

